سوال

باقیات الصالحات کیا ہیں

جواب

الحمدللہ

شیخ شنقیطی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں :

باقیات الصالحات کے بارہ میں علماء کرام کے سب اقوال ایک ہی چیز کی طرف لوٹتے ہیں ، وہ اعمال صالحہ جن سے اللہ تعالی کی رضا حاصل ہوتی ہے ، چاہے ہم یہ کہیں کہ وہ پانچوں نمازیں ہیں جیسا کہ سلف میں ایک جماعت کا قول ہے ، جن میں ابن عباس رضی اللہ تعالی عنھما اور سعید بن جبیر اور ابو میسرۃ ، عمر بن شرجبیل رحمہم اللہ شامل ہیں ۔

یا پھر یہ کہیں کہ وہ سبحان اللہ والحمدللہ ، لاالہ الا اللہ واللہ اکبر ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم ، ہے ، یہ جمہور علماء کا قول ہے جس پر احادیث مرفوعہ بھی دلالت کرتی ہیں جو کہ ابوسعید خدری اور ابودرداء اور ابوھریرۃ اور نعمان بن بشیر اور عائشۃ رضی اللہ تعالی عنھم سے مروی ہیں ۔

مقیدہ - اللہ تعالی اسے معاف کرے - کا کہنا ہے : اور تحقیق یہ ہے کہ : باقیات الصالحات عام لفظ ہے جو کہ پانچوں نمازوں اور مذکورہ پانچ کلمات اور اس کے علاوہ دوسرے وہ اعمال جن سے اللہ تعالی کی رضا حاصل ہوتی ہے سب کو شامل ہیں ۔

اس لیے کہ یہ سب اعمال کرنے والے کے لیے باقی رہیں گے اور دنیا کی زینت کی طرح ختم اور زائل ہونے والے نہیں ، اور اس لیے بھی کہ ان کا وقوع صالح اور اللہ تعالی کی رضا کے لیے ہوا ہے - .